سوال

جمعہ کے دن ہزار بار درود پڑھنا

جواب

سوال :جمعہ کے دن ہزار بار درود پڑھنے کی کوئی روایت موجود ہے ؟

جواب : ایسی کوئی صحیح روایت ہمارے علم میں نہیں ہے ۔ بعض دوسری روایات میں جمعہ کے دن درود پڑھنے کی ترغیب و تشویق ہے ۔ شیخ صالح المنجد ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنا
اوس بن اوس رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : " تمہارا افضل ترین دن جمعہ کا روز ہے ، اس میں آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے ، اور اسی میں فوت ہوئی ، اور اس دن ہی صور پھونکا جائیگا ، اور اسی میں بے ہوشی ہوگی ، لہذا مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو ، کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے ، صحابہ کرام نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا درود آپ پر کیسے پیش کیا جائیگا حالانکہ آپ تو مٹی بن چکے ہونگے ؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : " یقینا اللہ تعالی نے زمین پر انبیاء کا جسم کھانا حرام کر دیا ہے " سنن ابو داود حدیث نمبر (1047)
ابن قیم رحمہ اللہ تعالی نے سنن ابو داود کی تعلیقات میں اسے صحیح قرار دیا ہے (273/4) اور علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابو داود حدیث نمبر (925) میں صحیح کہا ہے سنن ابو داود کی شرح عون المعبود میں ہے : جمعہ کے روز پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے ابھارا کہ یہ سب ایام کا سردار ہے ، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب انسانوں کے سردار ہیں ، لہذا اس روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی جو فضیلت اور امتیازی حیثیت حاصل ہے وہ کسی اور دن میں نہیں ۔